فوری ریلیز کے لیے: 29/9/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

# گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک، سمندری طوفان فیونا کے بعد پورٹو ریکو میں اضافی وسائل تعینات کر رہی ہے

***پورٹو ریکو کی درخواست پر، ریاست نیو یارک ہنگامی امداد کا عملہ اور وسائل بشمول خوراک اور پانی کے عطیات بھیجے گی***

***اسٹیٹ ایمرجنسی آپریشنز سنٹر کی ٹیم اس جزیرے پر ملٹی ایجنسی رسپانس اور بحالی کی سرگرمیوں کو مربوط کرنے میں مقامی حکومتوں کی مدد کرے گی***

***تعیناتیاں ریاست نیو یارک کے وفد کے امدادی کوششوں میں مدد اور اس کا اندازہ لگانے کے لیے پورٹو ریکو پہنچنے کے بعد کی گئی ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ امریکہ کے اس خطے کی سمندری طوفان فیونا کے تباہ کن اثرات سے بحالی جاری ہونے کے دوران ریاست نیو یارک، پورٹو ریکو میں اضافی وسائل تعینات کر رہی ہے جن میں ہنگامی ردعمل کے عملے کی ایک کثیر ایجنسی ٹیم اور عطیہ کردہ خوراک اور پانی کا سامان شامل ہیں۔ پورٹو ریکو کی درخواست پر، ریاست نیو یارک سمندری طوفان کی امدادی کاروائیوں اور متعدد ریاستی ایجنسیوں پر مشتمل بحالی کی کارروائیوں کے لیے درکار انتظامات میں معاونت کے لیے ایک ایمرجنسی آپریشنز سنٹر سپورٹ ٹیم بھیج رہی ہے ۔ ایمرجنسی آپریشنز سنٹر سپورٹ ٹیم امدادی کاروائیوں میں شامل تمام حکومتی سطحوں پر امدادی کاروائی میں شامل امداد اور بحالی کے اقدامات کی انتظام کاری، رہنمائی، کنٹرول اور رابطہ کاری میں معاونت کرے گی۔ اس سے قبل اس ہفتے کے دوران، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ ان کی انتظامیہ کے ارکان سمندری طوفان فیونا کی امدادی کوششوں میں معاونت اور ان کا تخمینہ لگانے کے لیے ریاست نیو یارک کے ایک وفد کے حصے کے طور پر پورٹو ریکو کے لیے روانہ ہوئے۔

"نیو یارک کے شہری ہمیشہ ضرورت کے وقت دوسروں کا ساتھ دیتے ہیں اور ہمیں میدان عمل میں اقدامات کی انتظام کاری کی کوششوں میں معاونت کے لیے، پورٹو ریکو کی ہنگامی آپریشنز ٹیم کی درخواست پر معاونت کرنے پر فخر ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم سمندری طوفان فیونا سے متاثر ہونے والے ہر فرد کے ساتھ کھڑے ہیں اور گورنر Pierluisi اور پورٹو ریکو کے عوام کو جو بھی مدد درکار ہے، فراہم کرتے رہیں گے تاکہ وہ درست طریقے سے بحالی کی جانب بڑھیں۔"

ٹیم کے 16 ارکان درج ذیل ایجنسیوں سے ہیں: ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن (5)؛ محکمہ نقل و حمل (3)؛ ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی کی خدمات کا دفتر برائے ایمرجنسی مینجمنٹ (2)؛ ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی کی خدمات کا آگ کی روک تھام اور کنٹرول کا دفتر (4)؛ نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگوں کا دفتر (1)؛ محکمہ زراعت اور مارکیٹس (1)۔

پورٹو ریکو میں طوفان سے متاثر ہونے والوں کے لیے، فیڈنگ نیو یارک اسٹیٹ نے تقریباً 37,000 پاؤنڈز مختلف تازہ پیداوار عطیہ کی ہے جس میں بند گوبھی، حلوہ کدو، پیاز، گاجر اور آلو شامل ہیں۔ عطیہ میں پیداوار، پیکنگ اور

ترسیل کے تمام اخراجات شامل ہیں۔ مجموعی طور پر، خوراک کے 23 پاؤنڈ وزن والے 1,680 ڈبے عطیہ کیے جا رہے ہیں۔ لبرٹی کوکا کولا بیوریجز نے 4,400 پاؤنڈ پانی عطیہ کیا ہے۔ تمام عطیات بینکو ڈی ایلیمینٹس ڈی پورٹو ریکو (فوڈ بینک آف پورٹو ریکو) میں جا رہے ہیں جو پورے پورٹو ریکو میں تقسیم کیے جائیں گے۔

**سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "سمندری طوفان فیونا کے اس جزیرے میں تباہی پھیلانے کے بعد نقصان کو اپنی آنکھوں سے دیکھنا پورٹو ریکو میں وسائل کی انتہائی فوری ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ ریاست نیو یارک سے خوراک اور دیگر وسائل کی مسلسل ترسیل سے یہ واضح ہے کہ گورنر Hochul پڑوسیوں کی مدد کرنے کے حقیقی معنی جانتی ہیں۔"

**ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی کی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا،** "گورنر Hochul اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہیں کہ پورٹو ریکو میں ہمارے شراکت داروں کے پاس ہر وہ چیز موجود ہو جس کی انہیں اس طوفان کی امدادی کاروائیوں اور اس سے بحالی کے لیے ضرورت ہے۔ ہمیں پورٹو ریکو میں اپنے ہم منصبوں کی کوششوں کی حمایت کے لیے عملہ بھیجنے کے قابل ہونے پر فخر ہے اور جب تک ضرورت ہو گی ان کی امدادی کاروائیوں میں معاونت جاری رکھیں گے۔"

**ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "نیو یارک ایک بار پھر پورٹو ریکو کے شہریوں کی ایک اور تباہ کن سمندری طوفان کے بعد بحال ہونے میں مدد کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ میں گورنر Hochul اور اپنے تمام شراکت داروں کو یہ زبردست پیغام بھیجنے پر سراہتا ہوں کہ جب پورٹو ریکو کو ضرورت ہو گی، نیو یارک ہمیشہ جواب دے گا اور پورٹو ریکو کی بحالی اور جزیرے کی تعمیر نو میں مدد کے لیے اس کے باشندوں کے ساتھ یکجہتی میں ڈٹ کر کھڑا ہو گا۔"

**محکمہ نقل و حمل کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "گورنر Hochul، اپنے قول و فعل سے نیو یارک کے، پورٹو ریکو میں اپنے دوستوں اور پڑوسیوں کی سمندری طوفان فیونا کے تباہ کن نتائج سے نکلنے میں مدد کرنے کے عزم کا اظہار کر رہی ہیں۔ ریاستی محکمہ نقل و حمل، پورٹو ریکو میں ایک اچھی تربیت یافتہ ٹیم بھیج رہا ہے، جو بحالی کی کوششوں میں مدد کرنے اور کام کو انجام دینے کے لیے حکومت کی تمام سطحوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے۔"

**محکمہ زراعت اور مارکیٹس کے کمشنر Richard A. Ball نے کہا،** "نیو یارک نے طویل عرصے سے پورٹو ریکو کے ساتھ تجارت میں اپنی شراکت داری کو بڑھانے کے لیے کام کرتے ہوئے ہمارے تعاون اور دوستی کو ہمیشہ قابل قدر جانا ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت کا شکریہ، ہمیں 37,000 پاؤنڈ تازہ پیداوار کے عطیے اور اپنی بہترین ٹیم کے کچھ ارکان کو خاندانوں اور اہم صنعتوں، بشمول زرعی صنعت، کی بحالی اور تعمیر نو کے دوران مدد کے لیے بھیج کر، ضرورت کے وقت آگے بڑھنے اور مدد کا ہاتھ بڑھانے پر فخر ہے۔"

**نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگوں کے دفتر کی کمشنر Kerri Neifild نے کہا،** "طوفان سے تباہ ہونے والے اس جزیرے کو بحالی کے راستے پر لانے میں مدد کرنے کے لیے، OPWDD،(Office for People With Developmental Disabilities, OPWDD) گورنر Hochul کی کال پر لبیک کہنے کے لیے تیار ہے۔ ایک ایجنسی کے طور پر، ہم اس کوشش میں اس وقت تک معاونت کرتے رہیں گے جب تک ہماری موجودگی کی ضرورت ہے۔"

**لبرٹی کوکا کولا بیوریجز کے شریک مالک اور شریک CEO Paul Mulligan نے کہا،** "لبرٹی کوکا کولا بیوریجز میں، ہم اپنی کمیونٹیز کی مدد کو - خاص طور پر ضرورت کے وقت - قابل قدر مانتے ہیں اور جب ان کمیونٹیز کو ہماری ضرورت ہو تو ہم اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ پورٹو ریکو ہمارے لبرٹی اور کوکا کولا خاندان کا ایک اہم حصہ ہے، اور ہم کمیونٹی کی بحالی میں مدد کرنے کے لیے جو کچھ کر سکتے ہیں کرتے رہیں گے۔ ہم گورنر Hochul کی فیونا طوفان سے متاثر ہونے والوں کو ریلیف اور امداد کے لیے وسائل فراہم کرنے کی کوششوں کو سراہتے ہیں، اور ہمیں مدد کرنے پر فخر ہے۔"

**کارگو فار ڈیلٹا ایئر لائنز کے نائب صدر Rob Walpole نے کہا،** "ڈیلٹا نے اپنی جن بنیادی اقدار کو سب سے مضبوطی سے تھام رکھا ہے ان میں سے ایک ہماری کمیونٹیز کی صحت اور بہبود کے لیے ہماری وابستگی ہے اور ہم سمجھ سکتے ہیں کہ ہماری خدمات تباہی کے وقت کس قدر اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ہم پورٹو ریکو کے لیے امداد کو ترجیح دینے پر گورنر Hochul اور ریاست نیو یارک کی تعریف کرتے ہیں اور ہم فیونا سمندری طوفان کے نتیجے میں بحالی کے عمل سے گزرنے والوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔"

اس ویک اینڈ پر، گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ سمندری طوفان فیونا کے بعد امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے ریاست نیو یارک کے 50 فوجیوں کا ایک دستہ پورٹو ریکو میں تعینات کیا گیا ہے۔

گزشتہ ہفتے، گورنر نے نیو یارک کی مالیاتی خدمات کی صنعت کو شامل کرنے کے لیے نئے اقدامات کا بھی اعلان کیا تاکہ فیونا طوفان کے بعد پورٹو ریکو کے رہائشیوں کی مدد کی جا سکے۔ محکمہ برائے مالیاتی خدمات نے رہنمائی جاری کی جس میں نیو یارک کے ریاستی چارٹرڈ بینکوں پر زور دیا گیا کہ وہ طوفان سے متاثر ہونے والے صارفین اور کاروباروں کی مدد کے لیے تمام معقول اقدامات کریں جس میں ATM اور لیٹ فیسوں کو معاف کرنا، ATM نکالنے کی حد میں اضافہ، اور فنڈز کی منتقلی کو آسان اور تیز کرنا شامل ہے۔ ان اقدامات سے پیورٹو ریکو میں خاندان اور دوستوں کی مدد کے خواہاں نیو یارک کے بہت سے باشندوں کے ساتھ نیو یارک کے بینک اکاؤنٹس کے حامل پیورٹو ریکو میں موجود ہر فرد کے لیے مالی بوجھ کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

گورنر Hochul نے گورنر Pierluisi اور صدر Biden کے ساتھ FEMA کی بریفنگ میں بھی شرکت کی اور ایک بار پھر نیو یارک کی مکمل حمایت کا وعدہ کیا۔

سمندری طوفان ماریا کے بعد سے، پورٹو ریکو جزیرے کے بجلی کے بنیادی ڈھانچے کی بحالی اور تعمیرِ نو کے لیے FEMA سے اربوں ڈالر کی وفاقی فنڈنگ حاصل کرنے میں نیویارک نے مدد کی ہے، اس کے علاوہ NYPA نے جزیرے پر پاور پلانٹس اور سب سٹیشنز کے تکنیکی جائزے بھی انجام دیئے ہیں۔ سمندری طوفان فیونا کے تناظر میں، سمندری طوفان ماریا کے بعد سے جزیرے سے ٹکرانے والا بدترین طوفان، گورنر Hochul نے امدادی سرگرمیوں میں پیورٹو ریکو کی مدد کے لیے ریاست نیو یارک کے اقدامات کا اعلان کیا۔ ان کوششوں نے پیورٹو ریکو کی تعمیر نو اور بحالی میں مدد کرنے کے لیے نیو یارک کے دیرینہ عزم کو مزید تقویت دی ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418